# خالد پبلک ہائی سکول ہارون آباد

## تقریر برائے جماعت ششم

محترم پرنسپل صاحب معزز اساتذہ کرام اور میرے عزیز ساتھیو السلام علیکم !

میری آج کی تقریر کا عنوان ہے "بڑوں کا احترام"

عزیز ساتھیو ! ہمیں بڑوں کی اطاعت اور فرمانبرداری کرنی چاہیے ۔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو بڑوں کی عزت نہیں کرتا وہ ہم میں سے نہیں "بڑوں میں سب سے زیادہ حق والدین کا ہے۔ان کی سب سے زیادہ اطاعت کرنی چاہئے ۔جو بچہ اپنے والدین کی اطاعت نہیں کرتا وہ بہت نقصان اٹھاتا ہے۔پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ جو نوجوان کسی بوڑھے آدمی کی اس کے بڑھاپے کی بنا پر تکریم کرے تو اللہ تعالی اس نوجوان کے بوڑھا ہونے پر اس کے ساتھ بھی ایسے ہی اکرام کرنے والے کو مقرر فرمائے گا۔

عزیز ساتھیو ! بڑوں میں والدین ہی نہیں چچا، ماموں، خالہ، پھوپھی، بلکہ گلی محلے کے سب بزرگ شامل ہیں ان سب کی اطاعت کرنی چاہئے ۔بزرگوں کا قول ہے کہ جس راہ پر خار دار جھاڑیاں آپ کا دامن تار تار کرنے لگے اس راہ کی اس طرف اگر جنت نہ ہو تو جانا ترک کر دو۔تاکہ دامن تار تار ہونے سے بچ جائے۔

یہ کامیابیاں یہ عزت یہ نام تم سے ہے

خدا نے جو بھی دیا مقام تم سے ہے

ہم پر بڑوں کا ادب فرض قرار دے دیا گیا ہے ہمارے بڑوں میں ہمارے والدین ہی نہیں ہمارے اساتذہ کرام، عزیز رشتہ دار بھی شامل ہیں۔ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ۔"وہ شخص ہم میں سے نہیں جو اپنے بڑوں کی عزت نہیں کرتا"

عزیز ساتھیو !

ہم اس دنیا میں کامیابی، عزت، یہ نام اور مرتبہ اپنے بڑوں کے ادب واحترام سے ہی حاصل کرتے ہیں۔ہمارے بڑے ہمیں زندگی کے ہر میدان میں رہنمائی دیتے ہیں۔

بڑوں سی نعمت کوئی دنیا میں نہیں

حاصل ہو یہ نعمت تو جہاں خلد بریں

والسلام